22271-حادثے میں کٹے ہوئے جسم والے فوت شدہ کو غسل دینا

سوال

اگر کوئی انسان گاڑی کے حادثہ میں فوت ہو جائے، اور اس شخص کی وفات بہت المناک ہو، اس طرح کہ اس کی اکثر ہڈیاں ٹوٹ پھوٹ گئی ہوں تو کیا ہمارے لیے اسے غسل دینا جائز ہے کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

اگر اسے غسل دینا ممکن نہ ہو تو پھر اللہ تعالی کے مندرجہ ذیل فرمان کے عموم پر عمل کرتے ہوئے تیمم کروایا جائے گا :

(اپنی استطاعت کے مطابق اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرو) التغابن (16).

اور اس لیے بھی کہ اللہ تعالی نے پانی کی غیر موجودگی یا اسے استعمال کرنے سے عاجز ہونے یا پھر پانی کے استعمال سے نقصان اور ضرر پہنچنے کی صورت میں حدث اکبر اور اصغر سے طہارت کے لیے تیمم مشروع کیا ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.